نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے پنجاب اسمبلی چیمبر میں اقوام متحدہ کی فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کی نمائندہ فلورنس رولی (Florence Rolle) کی ملاقات

اجلاس میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال

پنجاب میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں انوسٹمنٹ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کا فوکس زرعی شعبہ کی ترقی پر مرکوز ہے جس کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

سمارٹ ایگری پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو فصلوں کیلئے پانی کی اہمیت کے بارے میں معلومات فراہم کی جارہی ہیں

لاہور: 31 مئی 2024: زیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے پنجاب اسمبلی چیمبر میں اقوام متحدہ کی فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کی نمائندہ فلورنس رولی سے ملاقات کی۔اجلاس میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب میں زراعت ولائیوسٹاک کے شعبوں میں انوسٹمنٹ کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انھوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کا فوکس زرعی شعبہ کی ترقی پر مرکوز ہے جس کے حصول کے لئے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔اس ضمن میں 400ارب روپے کی خطیر رقم سے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام" پر عمل درآمد جاری ہے جس کے تحت کاشتکاروں کو بلاسود زرعی قرضوں کی فراہمی، زرعی مشینری کے فروغ اور دیگر کے لیے عملی کاوشیں جاری ہیں۔

اس موقع پر اقوام متحدہ کی نمائندہ فلورنس رولی نے وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کو بتایا کہ ایف اے او اقوام متحدہ کی ایک مخصوص ایجنسی ہے جو بین الاقوامی سطح پر بہت سے ممالک کی غذا اور فوڈ سیکورٹی کی صورت حال کو بہتر بنا رہی ہے۔عالمی بنک کے سمارٹ ایگری پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو فصلوں کے لیے پانی کی اہمیت کے بارے میں معلومات فراہم کی جا رہی ہیں اس کے ساتھ ساتھ لائیوسٹاک کے شعبہ میں جنوبی پنجاب میں جانوروں کی صحت کا خیال رکھتے ہوئے بہت بڑی تعداد میں ویکسین لگائی گئی ہے اور جانوروں میں پائی جانے والی فٹ اینڈ موتھ بیماری پر سخت مانیٹرنگ کے ذریعے کنٹرول کیا جا رہا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت پاکستان جدید زراعت اور ریسرچ پر اپنی توجہ مرکوز کرے۔

اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب حکومت زراعت کے شعبہ میں 10لاکھ کسانوں کو دو سال کی مدت میں 150ارب روپے کا بلاسود قرض کی فراہمی کے ساتھ ساتھ 25ہزار جدید زرعی مشینری وآلات 60فیصد سبسڈی پر فراہم کرے گی جبکہ وزیراعلی پنجاب کے سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت کاشتکاروں کو ہاپی سیڈرز اور رائس شریڈرز فراہم کئے جائیں گے۔انھوں نے کہا کہ کسانوں کے الیکٹرک ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے ساتھ اگلے دو سالوں میں 8ہزار کھالوں کو پختہ کیا جائے گا جبکہ 500زرعی گریجوایٹس کو ایک سال کیلئے کنٹریکٹ پر بھرتی کیا جائے گا۔

☆☆☆☆